



سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# سماجی بہبود

# SERVEIS SOCIALS

## ابتدائی توجہ کیلئے سماجی خدمات

## SERVEIS BÀSICS D'ATENCIÓ SOCIAL PRIMÀRIA

## خصوصی توجہ کے معاملات

## ATENCIÓ ESPECIATLITZADA

1۔ جنسی مساوات کی پالیسی

POLÍTIQUES D'IGUALTAT DE GÈNERE

2۔ بچوں اور نوجوانوں کیلئے سماجی پروگرام

PROGRAMES SOCIALS D'INFÀNCIA I ADOLESCÈNCIA

3۔ بزرگ شہریوں کی مدد و رہنمائی

ATENCIÓ A PERSONES GRANS

4۔ معذور افراد کی مدد و رہنمائی

ATENCIÓ A PERSONES DISCAPACITADES

## شہری و تہذیبی تحاریک

## ACTUACIONS COMUNITÀRIES I CÍVIQUES

## رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کے خواہشمند تارکین وطن کیلئے کتلان پروگرام

## PROGRAMA DE RETORN VOLUNTARI D'IMMIGRANTS DES DE CATALUNYA (PREVICAT)

## کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام

-

## PLA D'AJUDA AL RETORN D'EMIGRANTS CATALANS I ELS SEUS DESCENDENTS

ہم آپ کو سماجی بہبود کی خدمات (Benestar) کے شعبہ میں خوش آمدید کہتے ہیں

بعض اوقات زندگی ہمیں ایسے موڑ پر لا کھڑا کرتی ہے کہ ہم اکیلے مسائل کا مقابلہ نہیں کر پاتے ۔ انسان مختلف معاملات کی وجہ سے چاہے وہ معاشی معاملات ہوں ۔ صحت سے متعلقہ امور ۔ ہماری عزت نفس کا مسئلہ ہو یا معاشرتی ہجرت جو ہماری سماجی زندگی میں پریشانی پیدا کر سکتے ہیں ۔ ان مشکل حالات میں سماجی بہبود کے اداروں (serveis socials) سے رہنمائی اور معلومات اور مدد کا حصول ہمیشہ بہتر ہوتا ہے

سماجی بہبود کی خدمات سرکاری سطح پر دی جانے والی سروس کا مجموعہ ہیں ۔ جن کا مقصد شہریوں کی بنیادی ضروریات کا خیال رکھنا اور ان کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ان کی نشو ونما اور صلاحیتوں کے فروغ کیلئے کام کرنا ہے ۔

سماجی بہبود کی خدمات کا پورے ملک میں پھیلا ہوا جال مختلف قسم کی سہولتوں ۔ منصوبوں ۔ مختلف پروگراموں اور سرگرمیوں پر مشتمل ہے ۔ جس میں عام لوگوں کی مدد و رہنمائی کیلئے سرکاری اور پرائیویٹ ادارے موجود ہیں

اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www.gencat.cat/dasc

مختلف لوگوں کی مشکلات کا ازالہ کرنے اور معاشرتی اتصال کو فروغ دینے کیلئے مختلف سماجی تنظیمیوں اور رضا کارانہ اداروں کا باہم نیٹ ورک موجود ہے ۔ یہ ادارے ان تمام افراد کی مدد و رہنمائی بھی کرتے ہیں جن کے پاس ابھی اس ملک کے کاغذ نہیں یا ان کے معاملات زیر غور ہیں

اسی طرح سماجی بہبود کی سروس میں دوسری سہولتیں بھی موجود ہیں جن کا تعلق صحت وصفائی ۔ تعلیم ۔ کلچر یا تلاش روزگار کے ساتھ ہے ۔

اس سے مراد درجہ بدرجہ نظام ہے جس میں مختلف افراد سماجی و معاشی عمل کا حصہ بنتے ہیں ۔ جن کا مقصد ایسی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے جو دوسرے افراد کی تربیت ۔ ان کے معاشی و سماجی معاملات میں خود مختار بنانے میں مددگار ہوں

اس خدمات کو مندرجہ ذیل شعبہ جات میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

1 ۔ ابتدائی توجہ کیلئے سماجی خدمات ۔ ایسے مراکز ہیں جو ہمارے قریب ترین ہوتے ہیں اور کسی بھی مسئلے کی صورت میں ہمیں ان مراکز سے رابطہ کرنا چاہئے ۔

2 ۔ خصوصی توجہ کے مراکز ۔ ان افراد کیلئے قائم کئے جاتے ہیں جنہیں کسی خاص معاملے میں خصوصی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ جو مختلف مراکز ۔ سہولتوں ۔ پروگراموں اور وسائل کے ذریعے ان افراد کو فراہم کی جاتی ہے ۔

## ابتدائی توجہ کیلئے سماجی خدمات

## SERVEIS BÀSICS D'ATENCIÓ SOCIAL PRIMÀRIA

کتلان سماجی بہبود کے خدمات میں ابتدائی توجہ کے بنیادی سماجی مراکز فوری توجہ کیلئے اہم جگہیں ہیں جو ہمارے قریب ترین موجود ہوتی ہیں ۔ جہاں ہمیں سماجی و گھریلو ماحول میسر ہوتا ہے

یہ تمام خدمات انتہائی منظم انداز میں ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔جنہیں ہم ابتدائی اور سماجی توجہ کے مراکز (Equips Bàsics d'Atenció Social i Primària, EBASP) کہتے ہیں۔ جہاں کم ازکم ایک سماجی بہبود کا نمائندہ اور ایک سوشل رہنمائی کیلئے تجربہ کار شخص موجود ہوتا ہے

ابتدائی توجہ کے سماجی مراکز کارپوریشن کے تحت کام کرتے ہیں اور ہر 20 ہزار افراد کی آبادی کیلئے براہ راست ایک مرکز کا قیام لازمی ہےاور ایسے علاقے جن کی آبادی کم ہے وہاں بھی ایسے مراکز قائم کئے جا سکتے ہیں یا ان کی ذمہ دار مضافاتی کونسل (Consell Comarcal) کی ہوتی ہے۔

سماجی بہبود کی خدمات بارے کیٹلاگ دیکھنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www10.gencat.cat/sac/AppJava/servei_fitxa.jsp?codi=2412

http://www6.gencat.cat/benestar_ptb/scripts/Tramits.asp

ابتدائی توجہ کے بنیادی سماجی مراکز اپنے متعلقہ علاقے میں مقیم افراد کی تمام تر سماجی خدمات بارے ضروریات پوری کرنے کے ذمہ دار ہیں۔جن میں معاشی معاملات۔زیر کفالت افراد کی مدد ور ہنمائی۔کسی بھی نشہ کے عادی افراد۔بچوں کی ضروریات۔گھریلو تشدد وغیرہ شامل ہیں۔ان مراکز میں رابطہ کرنے کے بعد ماہرین کسی بھی معاملے کی مکمل تشخیص کرتے ہیں۔اور ہر کیس کی نوعیت کے مطابق اس کا حل تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں

ابتدائی توجہ کے بنیادی سماجی مراکز مندرجہ ذیل خدمات فراہم کرتے ہیں

۔خاندانی معاملات اور افراد کے حقوق بارے معلومات اوران کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مدد ورہنمائی

۔ان مراکز میں موجود سہولتوں بارے لوگوں کی مدد ورہنمائی۔ جیسے خصوصی حالات کے تحت کاغذوں کے حصول (Certificat d'arrelament social)

۔سماجی رپورٹ میونسپل کارپوریشن اور کتلان حکومت کی جانب سے دی جانے والی سہولتوں بارے مدد ورہنمائی جیسے تعلیمی وظائف (beques escolars)

۔گھر میں مل جل کر رہنا کا پروگرام۔معذور بزرگ افراد کی نگہداشت کیلئے مالی امداد اور دوسرے معاشی پروگرام وغیرہ)

http://www.gencat.cat/benestar/serveis/prestacions/index.htm

۔ایسے افراد جن کے پاس اپنی رہائش نہ ہو جیسے بغیر چھت کے گلیوں میں رہنے پر مجبور افراد (Persones sense sostre i indigents)۔بعض علاقوں میں ایسے افراد کیلئے البرگاز مراکز (albergs d'acollida) کام کررہے ہیں۔ جوان علاقوں میں عارضی طور پر رہنے والے افراد کیلئے کام کرتے ہیں۔ان مراکز میں عام طور پر چند دنوں کیلئے عارضی رہائش اور کھانے کا بندوبست ہوتا ہے۔اس کے علاوہ ایسے مراکز معاشرے کی عدم توجہ کا شکار افراد کیلئے بحالی اور انہیں معاشرے میں متحرک بنانے کا کام کرتے ہیں

۔معاشرتی عدم توجہ کا شکار ہونے والے افراد کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہیں۔بچوں۔ بزرگ افراد اور معذور افراد اگر بے توجہی کا شکار ہیں تو انہیں بروقت توجہ دینا

۔معاشرتی زندگی میں لوگوں کی شرکت کو یقینی بنانے اور انہیں معاشرتی اتصال کیلئے متحرک بنانے کی سعی کرتے ہیں۔مثال کے طور پر بچوں کی سکول سے غیر حاضری کے معاملات (absentisme escolar) کو کم کرنے یا ختم کرنے کیلئے کوشش کرتے ہیں۔اس کے علاوہ تلاش روزگار میں مدد ورہنمائی اور تربیت کیلئے منصوبہ بندی کرنا (programes d'orientació i inserció laboral)

۔ابتدائی توجہ کے بنیادی سماجی مراکز خصوصی توجہ کے معاملات کو ماہرین یا ان معاملات سے متعلقہ اداروں اور تنظیموں کی طرف بھجواتے ہیں۔مثال کے طور پر سکولوں کیساتھ اوپن سنٹر (centres oberts) طلباو طالبات کی رہنمائی کیلئے اور مراکز صحت (centres de salut) وغیرہ

۔خصوصی توجہ کے مستحق افراد کیلئے گھریلو سروس (Servei d'Atenció Domiciliària, SAD) کا اہتمام۔اس سروس کے تحت ایسے افراد یا خاندان کی ان کے اپنے گھر میں مدد کی جاتی ہے۔جو کسی بیماری۔گھریلو عدم توجہ یا کسی دوسری وجہ سے عارضی معذوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔انہیں گھر کے کام کاج میں مدد یا گھر کے معاملات کی بہتری میں رہنمائی فراہم کی جاتی ہے

اس کے علاوہ سماجی وثقافتی اور شہری سرگرمیوں کیلئے بھی مدد و رہنمائی کی جاتی ہے تا کہ معاشرتی ماحول اور علاقائی فضا کو باہمی اخوت کیلئے ہموار کیا جاسکے

## خصوصی توجہ کے معاملات

### ATENCIÓ ESPECIATLITZADA

سماجی بہبود کی خدمات میں خصوصی توجہ کیلئے چار معاملات کو اہم گردانا جاتا ہے جن میں تمام انسانوں میں مساوات (igualtat de gènere)۔اطفال اور نوجوان۔بزرگ شہری اور معذور افراد شامل ہیں

سماجی بہبود کے ادارے علاقائی آبادی کے افراد کیلئے معاشی معاونت۔مٹریل اور ہنگامی معاملات میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ان اداروں کے بعض مقامات پر اپنے مراکز بھی موجود ہیں جن کو جنرلیتات دے کتلونیا کی سرپرستی حاصل ہے۔اس سے مراد ہے کہ ایسے سماجی اداروں کو ضرورت مند افراد کی مدد و رہنمائی کرنے کیلئے حکومت مالی مدد فراہم کرتی ہے۔تا کہ کم آمدنی والے افراد کو مدد دی جاسکے

ایسی خدمات سماجی بہبود کے وسائل کا نیٹ ورک ہیں جو علاقائی افراد کی ضروریات وران کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کی عدم توجہ کا شکار افراد کی مدد و رہنمائی کرنے کیلئے ہر وقت موجود ہیں

## 1۔ جنسی مساوات کی پالیسی

### POLÍTIQUES D'IGUALTAT DE GÈNERE

کتلونیا میں خواتین کی ترقی کیلئے پانچویں ایکشن پلان **2005-2007** کا اعلان ریاستی حکومت کی مرد و خواتین کیلئے یکساں مواقع بارے واضح پالیسی کا اعلان ہے۔جس میں معاشرے یا کام کے دوران میں پائے جانے والے عدم توازن کو دور کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

اس ایکشن پلان کے بڑے احداف میں 6 باتیں اہم ہیں

1۔معاشرے کے تمام شعبہ ہائے زندگی میں رنگا رنگی کی فضا قائم کرتے ہوئے خواتین کی شرکت اور موجودگی کو یقینی بنانا

2۔گھریلو کاموں میں وقت اور کام کی مناسب تقسیم کے ذریعے روزمرہ کی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے کام کرنا

3۔خواتین کی ضروریات زندگی کے مطابق انہیں معاشرتی اتصال کیلئے مدد و رہنمائی فراہم کرنا

4۔عورتوں کے خلاف گھریلو تشدد کے خاتمہ کیلئے پروگرام تشکیل دینا



اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے کتلان انسٹیٹیوٹ برائے خواتین (Institut Català de les Dones) کی ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

www.gencat.cat/icdona

**ایسی خواتین جو اپنے شریک حیات کی وجہ گھریلو تشدد کا شکار (violència de gènere) ہیں یا ان کے بچے اور بچیاں ان کی توجہ اور رہنمائی کیلئے وسائل کی فراہمی**

۔دارلامان یا رہائش گاہیں (cases d'acolliment) ان بال بچے دار عورتوں کیلئے چھت فراہم کرتے ہیں جو اپنے شریک حیات کی وجہ سے گھریلو تشدد کا شکار ہو چکی ہیں یا مسلسل انہیں تشدد کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے وہ گھر چھوڑنے پر مجبور ہیں اور ان کے ذاتی معاشی وسائل اتنے نہیں کہ وہ کہیں اپنے لئے الگ گھر میں رہ سکیں۔ اس سروس کے تحت ایسی خواتین کیلئے ہمدردانہ خدمت فراہم کی جاتی ہے اور انہیں سماجی ۔نفسیاتی اور قانونی مدد و رہنمائی دی جاتی ہے تا کہ ایسی خواتین گھریلو تشدد کی صورتحال کا مقابلہ کر سکیں

۔عارضی رہائش گاہیں (pisos pont) ۔ایسے مکانات کو کہا جاتا ہے جہاں گھریلو تشدد کا شکار ہونے والی خواتین اور ان کے بچوں کو اس وقت تک پناہ دی جاتی ہے جس وقت تک عدالت ان کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ دے دے جہاں انہیں طبی ۔سماجی ۔نفسیاتی اور قانونی اور تفریحی مدد و رہنمائی دی جاتی ہے۔اس کے علاوہ ہر طرح کے ماہرین کی معاونت حاصل ہوتی ہے۔عارضی رہائش گاہوں میں متاثرہ خواتین گھر کے بعد حکومتی رہائش میں منتقلی تک رہ سکتی ہیں۔اس سلسلے میں گھریلو تشدد کا شکار خواتین بارے یونٹ (Unitat d'actuacions en matèria de Violència Familiar) تعاون کرتا ہے جو شہری حقوق و خاندانی تحفظ بارے سیکرٹریٹ (Secretaria de Polítiques Familiars i Drets de Ciutadania) کے تحت کام کرتا ہے۔

۔ملنے کی جگہ (Punt de Trobada)۔مختلف ماہرین کی زیر نگرانی خاندانی جھگڑوں کے دوران فریقین کو مل بیٹھنے اور اپنے مسائل کو حل کرنے کیلئے موقع فراہم کرنے کی خاطر جو جگہ مقرر کی جاتی ہے اسے مل بیٹھنے کی جگہ کہا جاتا ہے۔بچوں کی بہتری کیلئے عدالتی فیصلوں کے مطابق اس مشترکہ پوائنٹ پر فریقین میاں بیوی آزاد ماحول میں اپنے بچے بچیوں کو مل سکتے ہیں۔

خصوصی توجہ و نگہداشت کے مراکز (Centre d'Intervenció Especialitzada CIE)۔اس سروس کے تحت گھریلو تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کو مکمل معلومات ۔توجہ اور تشدد کے بعد نفسیاتی بحالی اور ان کے زیر کفالت بچوں کی بہتری کیلئے خصوصی سروس فراہم کی جاتی ہے تا کہ انہیں نفسیاتی ذاتی طور پر پہنچنے والے صدمات کے اثرات کو دور کیا جا سکے

اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ کا مطالعہ کر سکتے ہیں

http://wwwgencat.cat/benestar/persones/dones/index.htm

## 2۔ بچوں اور نوجوانوں کیلئے سماجی پروگرام

## PROGRAMES SOCIALS D'INFÀNCIA I ADOLESCÈNCIA

بعض اوقات ہمارے بچے اور نابالغ افراد عدم تحفظ (desprotecció) کا شکار ہو جاتے ہیں یا انہیں تشدد کا سامنا (maltractament) ہوتا ہے۔خوراک کی کمی۔ صحت و صفائی کا نہ ہونا ۔جسمانی و ذہنی تشدد۔جنسی زیادتی ۔یا بچپن میں محنت مزدوری کروانا اس زمرے میں آتا ہے۔نابالغ افراد اور بچوں کی دیکھ بھال میں عدم توجہ ان کی جسمانی ذہنی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں اور وہ معاشرتی طور پر متحرک نہیں رہتے جس کی وجہ سے سکول میں غیر حاضری اور سماجی تعلقات میں مشکلات جیسی صورتحال پیدا ہوتی ہیں

ایسی صورتحال میں بچوں اورنابالغ افراد کے حقوق کے تحفظ کیلئے متحرک ہونےاوران کی بہتری کیلئے کام کرنے کی پابند ہے۔بچوں اورنابالغ افراد کی خصوصی توجہ کیلئے قائم ڈائرکٹوریٹ (Direcció General d'Atenció a la Infància i l'Adolescència, DGAIA) ایسےبچوں اورنابالغ افراد کے معاشرے سے دورہونے کے خطرات کے پیش نظران کی بہبود کیلئے کام کرتا ہےتا کہ ذاتی نشوونما کی بہتری کیلئے کام کیا جا سکے۔اس کے علاوہ بےگھربچوں کے تحفظ اوران کی ذمہ داری کیلئے بھی کام کرتا ہے اورقانون کے مطابق ان کے حفاظت کا ذمہ دار ہے

اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کرسکتے ہیں

http://www.gencat.cat/benestar/persones/infants/index.htm

بچوں اورنابالغ افراد کی توجہ کیلئے قائم خصوصی ماہرین کی ٹیم (Equips d'Atenció a la Infància i l'Adolescència, EAIA) ان بچوں اور ان کے خاندان بارے رپورٹ تیارکرنے کی ذمہ دار ہےاورایسی تجاویزدیں جو بچے کی بہتری کیلئے ہوں۔اس کے بعد بچے کی مکمل نگہداشت اورمسلسل نگرانی بھی کریں تاکہ اندازہ ہوسکے کہ بچے کی پرورش بہتر انداز میں ہورہی ہے۔اس سلسلے میں انہیں میونسپل کارپوریشن کی سماجی سروس،سیکورٹی کے اداروں۔سکول کے اساتذہ کا مکمل تعاون حاصل ہوتا ہے۔یہ ٹیم ایسے ماہرین پرمشتمل ہوتی ہے جو بچے کے گھروالوں کونفسیاتی تعاون فراہم کرتی ہیں۔یہ ٹیم کتلان حکومت کے ماتحت کام کرتی ہے

جس کے بعدایسے بچوں کومناسب نگہداشت کے مراکز میں رکھاجاتا ہے جہاں انہیں مکمل توجہاورتعلیم کی سہولت میسرہوتی ہے

رہائشی تعلیمی مراکز (Centre Residencial d'Acció Educativa, CRAE)۔ کسی بھی ایسے مرکز میں کسی بچےکورکھنےکا مقصدمناسب نگہداشت کے مراکز میں رکھاجاتا ہے جہاں انہیں مکمل توجہاورتعلیم کی سہولت میسرہوتی ہے۔ایسے اقدام اس وقت ناگزیرہوتےہیں جب بچہ بالکل تنہارہ جائےاوراس کے والدین میں علیحدگی کے بعد دونوں اوردونوں کے خاندان میں سےکوئی بھی اس کی ذمہ داری لینےکوتیارنہ ہو

رہائشی مراکز (centre d'acolliment)۔مختلف ماہرین کی جانب سے رہائشی مراکزیا نابالغ افراد کے ڈائرکٹوریٹ کے تعاون سے قائم مراکز میں ملٹی سروس سہولتیں موجودہوتی ہیں جن میں ڈاکٹر۔ماہرنفسیات۔بچوں کا ماہر۔سماجی بہبود کا نمائندہ شامل ہیں۔جن کا بنیادی مقصد متاثرہ بچے کی مکمل نگرانی کے بعد تشخیص کرنا جس کے مطابق اس کیلئے مناسب اقدامات کرنا۔ایسے مراکز میں صرف انہیں بچوں کورکھاجاتا ہےجنہیں فوری توجہ کی ضرورت ہوتی ہےاوران کا خاندان سے دوررہنا انتہائی ناگزیرہوجائے۔

کھلےمراکز (centre obert)۔ان مراکز کا بنیادی مرکز تعلیمی اداروں کے اوقات کار کے بعدمناسب توجہ دینا تا کہ وہ ان فارغ لمحات میں کسی خطرہ کا شکار نہ ہوجائے۔اس کا اصل مقصداس کی شخصیت کی تعمیر۔سیکھنے کے عمل میں مناسب رہنمائی اورسماجی تعلیمی عدم توجہ کی صورت میں اس کومکمل توجہ فراہم کرنا ہے۔ایسے تمام مراکز مضافاتی کونسل کے ماتحت۔مقامی سرکاری وپرائیویٹ اداروں میں قائم کئے جاتے ہیں

مذکورہ بالا تمام سہولتوں کے علاوہ نابالغ افرادایسےخاندانوں (famílies d'acolliment) کے ساتھ بھی رہ سکتے ہیں جوانہیں مکمل توجہ وتحفظ دینے کی ذمہ دار ہوں اوراس بچے کی کفالت کیلئے رضامندہوں تاکہ بچے کی نشوونما کیلئے اسے معاشی وجذباتی طوربہترماحول میسرآسکے

ایسے بچے جوبچوں اورنابالغ افراد کے ڈائرکٹوریٹ کے تحت رہتے ہوں اوران کی عمراٹھارہ سال ہوجائے۔ان کی معاشرتی وپیشہ وارانہ زندگی میں تربیت کیلئے دوسرے قسم کے پروگرام بھی موجود ہیں

سرکاری سرپرستی کے مکانات (Pis assistit)۔سرکاری سرپرستی میں بالغ ہوجانے والے نوجوانوں کیلئے جن کے پاس اتنے مالی وسائل نہ ہوں ان کوکم ازکم

خودانحصاری کیلئے کچھ اقدام کئے جاتے ہیں جن میں ان کیلئے کم کرایہ کے مکانات کی فراہمی بھی اسی ڈائریکٹوریٹ کی ذمہ داری ہے

تلاش روزگار کیلئے مددورہنمائی (Programa d'inserció sociolaboral) ۔اس منصوبہ کے تحت نوجوانوں کی پیشہ وارانہ ابتدائی تربیت ۔ماہرانہ تربیت ۔خصوصی پیشہ وارانہ تربیت ۔تلاش روزگار میں مددورہنمائی ۔مختلف اداروں میں اپرنٹس شپ ۔ جہاں انہیں ایک ٹیوٹر مہیا کیا جائے گا جو حصول روزگار تک ان کی مدد کرے گا

## 3۔ بزرگ شہریوں کی مددورہنمائی

### ATENCIÓ A PERSONES GRANS

بزرگ شہریوں کیلئے قائم کردہ سروس میں ان کی رہنمائی اوران کے حقوق کا تحفظ شامل ہے۔جس میں ان کی بزرگ شہریوں کیلئے قائم مراکز (residències) ۔دن کے وقت ان کی خدمت کیلئے قائم مراکز (centres de dia) ۔سرکاری سرپرستی میں قائم رہائشگاہوں (habitatges tutelats) تک رسائی ۔گھر میں ٹیلی فونک مدد کی فراہمی (teleassistència domiciliària) ۔مالی ومعاشی مدداورپنشن وغیرہ شامل ہیں ۔مثلا" معذوری کی پنشن (pensió no contributiva de jubilació) اورمعذوربزرگ افرادکی مالی معاونت وغیرہ شامل ہیں اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کرسکتے ہیں

http://www.gencat.cat/benestar/persones/gentgran/index.htm

## 4۔ معذورافرادکی مددورہنمائی

### ATENCIÓ A PERSONES DISCAPACITADES

کتلان حکومت۔جنرلیتات دے کتلونیا نے پورے علاقے میں معذورافرادکی مددورہنمائی کے مراکز (Centres d'Atenció a persones disminuïdes, CAD's) قائم کرر کھے ہیں ۔ جہاں ماہرین کی ایک ٹیم انہیں مکمل مددورہنمائی فراہم کرتی ہے۔تاکہ جسمانی ۔ ذہنی اورنفسیاتی مسائل کا شکارافراد ان خدمات سے پوری طرح فائدہ اٹھاسکیں جوحکومت نے ان کیلئے شروع کررکھی ہیں ۔مثال کے طورپر معذورافراد کے گھروں کوان کی ضروریات کے مطابق بنانے کیلئے تعمیراتی وتکنیکی رکاوٹوں کودورکرنے کا پروگرام (eliminació de barreres arquitectòniques) ۔اس کے علاوہ ایسے افراد کیلئے تلاش روزگار کے پروگرام ۔جذباتی ونفسیاتی مدد یاان کیلئے قائم رہائش گاہیں اورڈے کیئرسنٹروغیرہ

ان تمام سہولتوں اورخدمات سے فائدہ اٹھانے کیلئے معذوری کی شرح کی حد کا سرٹیفکیٹ (Certificat de reconeixement de discapacitat) ہونا انتہائی ضروری ہے۔جو کسی بھی شخص کی معذوری بارے سرکاری دستاویز ہے اوراسے معذورافراد کے مراکز (Centre d'Atenció a persones disminuïdes, CAD) میں موجود ماہرین کی ایک ٹیم (Equip de Valoració i Orientació, EVO) جاری کرتی ہے۔ جوجنرلیتات دے کتلونیا کے ماتحت ہےاس سرٹیفکیٹ میں عام طورپر مستقل معذوری کا ذکرہوتا ہےتاہم بعض اوقات عارضی معذوری کے بارے میں بھی ماہرین کے یہ ٹیم دستاویز جاری کرتی ہے

http://www.gencat.cat/benestar/persones/disminucio/index.htm

**دماغی طورپر نامکمل افرادکی مددورہنمائی**

**(Atenció precoç)**

جب کوئی بچہ پیدا ہوتا ہےان کا دماغی نظام ابھی ناپختہ اورنامکمل ہوتا ہے۔جوزندگی کی منزلیں طے کرنے کے ساتھ ساتھ پختگی اختیارکرتا رہتا ہے۔جب ذہنی پختگی کا یہ عمل اپنے





قدرتی طریقہ سے نشوونما نہ پاسکے۔ تو ایسے بچوں کو ہم ذہنی نشوونما میں پیچھے رہ جانے والے افراد کہتے ہیں۔ ایسے بچوں کی ذہنی نشوونما کیلئے خصوصی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسی ذہنی معذوری موروثی بھی ہوسکتی ہے اور عارضی بھی اس کیلئے ضروری ہے کہ ہمیں بروقت اس حقیقت کی تشخیص کرلینا چاہئے

ذہنی طور پر معذور بچوں (**atenció precoç**) کی مدد و رہنمائی کا عمل اس کی پیدائش سے لیکر چار سال تک جاری رہتا ہے۔ ایسے بچوں کی ذہنی نشوونما کیلئے یا جنہیں اس قسم کی بیماری کا خطرہ ہو انہیں مکمل مدد فراہم کی جاتی ہے۔ ذہنی نا پختہ معذوری کے متاثرین بچوں کی مدد و رہنمائی کیلئے پورے کتلونیا میں مختلف مراکز (**Centres de Desenvolupament Infantil i d'Atenció Precoç, CDIAP**) کا ایک جال پھیلا ہوا ہے

## شہری وتہذیبی تحاریک

## ACTUACIONS COMUNITÀRIES I CÍVIQUES

شہری تحریک کا سکرٹریٹ **Secretaria d'Acció Ciutadana** ۔ لوگوں میں سماجی۔ معاشرتی اور دوسری معاون تحاریک چلانے کا ذمہ دار ہے جس کا مقصد مختلف تنظیموں کی مدد کرنا ہے۔ اسکے علاوہ شہری و رضا کارانہ معاملات میں مختلف منصوبہ بندی۔ تحقیق و تفتیش کے بعد تجاویز تیار کرنا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری و غیر سرکاری اداروں کی معاونت کرنا اور ان کے شہری شعور کی بیدار میں مہم کیلئے مدد کرنا ہوتا ہے

اس مقصد کیلئے سوک سنٹروں کا ایک نیٹ ورک موجود ہے جس میں شہری تحریک کے دفاتر (**Oficines d'Acció Ciutadana**) سوک سنٹر (**casals cívics**)۔ تفریحی مراکز (**ludoteques**)۔ بزرگ شہریوں کیلئے قائم مراکز (**casals de gent gran**)۔ سمندری سرگرمیوں سے منسلک افراد کیلئے قائم مراکز (**cases del mar**)۔ سماجی تنظیموں کے ہوٹل (**hotels d'entitats**) شامل ہیں جن کا مقصد لوگوں میں معاشرتی و تہذیبی شعور بیدار کرنا اور غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے تفریحی پروگراموں (**activitats de lleure**) میں ان کی معاونت کرنا شامل ہے

اس کے ساتھ ساتھ ان مراکز میں مختلف کمیونٹی کے افراد کو معاشرتی سرگرمیوں میں متحرک۔ علاقائی و سماجی تنظیموں کے پروگراموں کیلئے جگہ فراہم کرنا اور سماجی و پیشہ وارانہ زندگی میں نئی ٹیکنالوجی متعارف کروانا بھی ہے۔

اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.gencat.cat/benestar/societat/index.htm

## رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کے خواہشمند تارکین وطن کیلئے کتلان پروگرام

## PROGRAMA DE RETORN VOLUNTARI D'IMMIGRANTS DES DE CATALUNYA (PREVICAT)

پریوی کات پروگرام۔ (**Programa de Retorn Voluntari d'Immigrants des de Catalunya, PreviCat**) کتلونیا میں مقیم ایسے تمام تارکین وطن کیلئے ہے جو معاشرتی، معاشی عدم توجہ کا شکار ہو گئے ہیں اور رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانا چاہتے ہوں اور ان کے مالی وسائل اس بات کی اجازت نہ دیتے ہوں

مذکورہ پروگرام کتلان حکومت کے زیر نگرانی سیکرٹری امیگریشن (**Secretaria per a la Immigració**) اور مہاجرین بارے عالمی تنظیم (**Organització**

(Internacional per a les Migracions, OIM کے تحت کام کرتا ہے۔اس سلسلے میں تمام کاغذی کاروائی میونسپل کارپوریشن کے سماجی بہبود کے اداروں اور سماجی تنظیموں کے ذریعے کی جاتی ہے۔اس سروس میں متاثرہ شخص کو اس کے گھر کے قریبی ایئرپورٹ تک واپسی کی ٹکٹ۔ جہاں عالمی تنظیم کا نمائندہ اسے سفری امداد اور دوبارہ سے اپنی زندگی شروع کرنے کیلئے نقد رقم فراہم کرتا ہے

اس سلسلے میں مزید معلومات ہمیں مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.gencat.cat/benestar/societat/convivencia/immigracio/convocatories/retornvoluntari/index.htm

میدرڈ میں عالمی مہاجر تنظیم کے دفتر کی ویب سائٹ مندرجہ ذیل ہے

http://www.iommad.es/

بارسلونا میں عالمی مہاجر تنظیم سے مندرجہ ذیل جگہوں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

**Organització Internacional de les Migracions (OIM)**
**Secretaria per a la Immigració**
**Departament d'Acció Social i Ciutadania**
**Generalitat de Catalunya**
**c/ Gravina, 1, 1º**
**08001 Barcelona**
**Tel.: 93 270 12 30**

## کتلان امیگرنٹس اوران کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام

## PLA D'AJUDA AL RETORN D'EMIGRANTS CATALANS I ELS SEUS DESCENDENTS

کتلونیا نہ صرف امیگرنٹس کا ملک ہے بلکہ یہاں سے بہت سے لوگوں نے دوسرے ملکوں میں امیگریشن کی جس میں مختلف خاندانوں اور دیہاتی لوگوں نے دنیا بھر کے ملکوں میں سکونت اختیار کی۔ان میں سے کچھ لوگ واپس کتلونیا میں آنا چاہتے ہیں ایسے افراد کیلئے امیگریشن کرنیوالے افراد کی سیکرٹریٹ (**Secretaria per a la Immigració**) نے واپسی مدد کا منصوبہ (**Pla d'Ajuda al Retorn**) تیار کر رکھا ہے۔جس میں مختلف قسم کی سکیمیں شامل ہیں تاکہ وہ افراد جو کسی بھی وجہ سے ملک چھوڑنے پر مجبور ہو گئے تھے ان کو ان کے خاندانوں کے ساتھ واپس ملانے کے اسباب پیدا کئے جائیں۔ان میں چند ایک درج ذیل ہیں

- واپسی کے اخراجات کی ادائیگی
- بیرون ملک ہنگامی حالت میں مالی معاونت
- ایسے افراد کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ اسناد کو کتلونیا میں تسلیم کئے جانے بارے اقدامات
- ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کیلئے مالی معاونت

ایسی تمام امدادی سکیمیں حکومت اسپین کے ساتھ منسلک ہیں جو اس نے اپنے شہریوں کی واپسی کیلئے شروع کر رکھی ہیں۔
ایسے افراد جنہوں نے ابھی تک کتلونیا میں رہائشی اندراج نہیں کروایا انہیں چاہیے کہ وہ ا] نے متعلقہ ممالک سے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں
اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.gencat.cat/benestar/societat/convivencia/immigracio/pla/retorn/index.htm